## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے بزرگ کارکن محمد سرور کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ B-103 کے بزرگ کارکن محمد سرور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے بھی بزرگ کارکن محمد سرور کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ محمد سرور مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## 18 فروری کے انتخابات ملک کے مستقبل کے لحاظ سے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ڈاکٹر عمران فاروق
## حالات تیزی سے تبدیل ہورہے ہیں،ایم کیوایم کے کارکنان انتخابی مہم بھرپور انداز میں دوبارہ شروع کردیں
## نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی اور پارٹی کے مختلف تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔22 جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا ہے کہ 18 فروری کے عام انتخابات ملک کے مستقبل کے لحاظ سے انتہائی اہمیت کے حامل ہیں لہٰذا ایم کیوایم کے کارکنان انتخابی مہم بھرپور انداز میں دوبارہ شروع کردیں۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی اور پارٹی کے مختلف تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ارکان کے ایک اجلاس سے ٹیلیفون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجلاس میں 27 دسمبر کو راولپنڈی میں محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد ملک خصوصاً سندھ میں پیدا ہونے والی صورتحال اور ملک کے مجموعی حالات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ان حالات کی روشنی میں انتخابات کے حوالے سے ایم کیوایم کے آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام اور جمہوریت کے فروغ کیلئے ضروری ہے کہ انتخابات کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری رہے۔انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان اندرونی وبیرونی طور پر نہایت مشکل صورتحال سے گزر رہا ہے اور حالات تیزی سے تبدیل ہورہے ہیں۔ایسی صورتحال میں تحریک کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کا فرض ہے کہ وہ چوکس رہیں،حالات پر گہری نظر رکھیں،ملکی وبین الاقوامی خبروں کا مطالعہ کرتے رہیں اور روزنامہ امن ضرور پڑھیں جس میں تحریک کے بیانات اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات مکمل طور پر شائع ہوتے ہیں۔تحریکی ذمہ داران وکارکنان ان بیانات کا نہ صرف خود بغور مطالعہ کریں بلکہ ہمدردوں اور عوام کو بھی ان سے آگاہ کریں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے تمام تنظیمی ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ انتخابی مہم کو بھرپور انداز میں چلانے کیلئے تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔انہوں نے ایم کیوایم کے تمام کارکنوں سے کہا کہ وہ 18 فروری کے انتخابات کیلئے دوبارہ سے انتخابی مہم شروع کردیں،عوام سے گھر گھر رابطہ کریں،چھوٹی چھوٹی کارنر میٹنگز کریں،مختلف تنظیموں اور برادریوں سے ملاقاتیں کریں اور پارٹی کے انتخابی منشور کو عوام میں پھیلائیں۔ڈاکٹر عمران فاروق نے محرم میں امن وامان اور فرقہ ورانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے دن رات محنت کرنے اور اپنا بھرپور مثبت کردار ادا کرنے پر تحریک کے تمام ذمہ داروں وکارکنوں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین اور شاباش پیش کی اور تمام ساتھیوں کو مبارکباد بھی دی۔

## پی ٹی سی ایل کی جانب سے ''پاکستان پیکج'' کے تحت صارفین کو اضافی ٹیکس کے ساتھ جبری بل بھیجنا قابل مذمت ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔22،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان ٹیلی کمیونیکشن لمیٹڈ کی جانب سے متعارف کرائے گئے ''پاکستان پیکج'' کے باعث صارفین کو اضافی ٹیکس کے ساتھ جبری بل کی فراہمی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ پی ٹی سی ایل نے ایک نئی سروس پاکستان پیکج کے نام سے متعارف کرائی ہے جسکے تحت صارفین پورے پاکستان میں نارمل ریٹ پر بات کرسکتے ہیں اور پیکج کے تحت صارفین کو ماہانہ 200روپے اضافی ادا کرنے ہونگے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اصولی طور پر ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ یہ اسکیم متعارف کروادی جاتی اور جن لوگوں کو ضرورت ہوتی ان کو یہ سروس مہیا کردی جاتی لیکن ہوا یہ ہے کہ تمام صارفین کے ماہانہ بل میں 199روپے ماہانہ شامل کردیئے گئے ہیں اور یہ بل تمام لوگوں کے گھروں پر ارسال کردیئے گئے ہیں جسکے باعث صارفین پریشان ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ پی ٹی سی ایل کی جانب سے جبری بل کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور مجموعی بل سینٹرل ایکسائز ڈیوٹی اور WH (ودہیلڈ) ٹیکس کو بھی ختم کیا جائے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن شفیق قریشی کی والدہ محترمہ میمونہ اختر، اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-118 کے کارکن محمد اعظم کے والد محمد کلیم اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 165 کے کارکن پرویز کی اہلیہ محترمہ طاہرہ ثروت کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## عاشورہ کے موقع پر طبی وامدادی کیمپوں اور سبیلیں لگانے پر ایم کیوایم کے زونوں، سیکٹروں اور حق پرست ناظمین کو رابطہ کمیٹی کا خراج تحسین

کراچی۔۔۔22،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عاشورہ کے موقع پر کراچی اور اندرون سندھ میں نکلنے والے ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر ایم کیوایم کے زونوں، سیکٹروں، سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت، ٹاؤنز اور یوسیز کی جانب سے بہترین انتظامات کرنے پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ماتمی جلوسوں کی گزرگاہوں پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی، خدمت خلق فاؤنڈیشن اور سیکٹروں کے تعاون سے بڑی تعداد میں ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی طبی وامدادی کیمپس اور شربت و پانی کی سبیلیں لگائی گئیں جن پر ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور کارکنان نے اپنی خدمات انجام دیں جبکہ جلوسوں میں ایم کیوایم کی جانب سے تشکیل دی گئی امن کمیٹیوں کے اراکین بھی شریک رہے جنھوں نے علمائے کرام اور عوام کے درمیان مکمل ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کیا۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ انشاء اللہ کراچی سے لیکر کشمیر تک عوام کے درمیان اسی طرح ہم آہنگی برقرار رکھی جائے گی اور سازشی عناصر کی تمام سازشوں کو عوام اپنے مثالی اتحاد سے آئندہ بھی ناکام بنادیں گے۔

☆☆☆☆☆